حیسکو پریس ریلیز مورخہ :25.08.2026

بجلی چوری ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن گاڑی کھاتہ، سرفراز کالونی، ٹنڈو الہیار-II، کوٹری، ٹنڈو محمد خان-I، سجاول، قاضی احمد، سانگھڑ، سٹیلائیٹ ٹاؤن اور ہیرآباد میرپور خاص سب ڈویژن میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 370 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے، 5 میٹر پی وی سی قبضے میں لے لی گئی، 1151 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 36 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی، تفصیلات کے مطابق حیسکو آپریشن سرکل حیدرآباد میں عقیل نور میمن کی ہدایت پر ڈویژن گاڑی کھاتہ کی سب ڈویژن گاڑی کھاتہ، سرفراز کالونی اور ڈویژن ٹنڈو الہیار کی سب ڈویژن ٹنڈو الہیار-I میں کارروائیوں کے دوران 146 غیر قانونی کنکشن منقطع اور 554 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 12 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، اسی طرح حیسکو آپریشن سرکل لاڑ میں ایس ای سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر ڈویژن کوٹری کی سب ڈویژن کوٹری، ڈویژن ٹنڈو محمد خان کی سب ڈویژن ٹنڈو محمد خان-II اور ڈویژن ٹھٹہ کی سب ڈویژن سجاول میں کارروائیوں کے دوران 145 غیر قانونی کنکشن منقطع، 357 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 14 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، حیسکو آپریشن سرکل نواب شاہ میں گلزار احمد دستی کی ہدایت پر سب ڈویژن سانگھڑ کی سب ڈویژن سانگھڑ اور ڈویژن ٹھٹہ کی سب ڈویژن سجاول میں کارروائیوں کے دوران 56 غیر قانونی کنکشن منقطع، 195 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 7 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، حیسکو آپریشن سرکل میرپور خاص فرمان ڈہانی کی ہدایت پر سب ڈویژن ٹنڈو الہیار کی سب ڈویژن ٹنڈو الہیار-I اور ڈویژن میرپور خاص کی سب ڈویژن سٹیلائیٹ ٹاؤن میں کارروائیوں کے دوران 23 غیر قانونی کنکشن منقطع، 45 غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 2 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہٰذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویژنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس ذمیدار ہوگا ہماری کاروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمے تک جاری رہیں گے، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جاسکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔






چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر میں بلاتفریق کارروائیاں جاری